ملک ریاض حسین (پاکستانی بل گیٹس)

ملک ریاض حسین چئیر مین بحریہ ٹاون کون ہے یہ شاید کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں۔مگر انکی کامیابی کا راز جاننا اور سمجھنا شاید ضروری نہ سہی مگر بہت سے لوگوں کی کامیابی کے لیے شاید ضروری ہے۔ملک ریاض ہمیشہ سے خبروں میں رہتے ہیں۔

صومالی قزاقوں سے پاکستانیو کو چھڑانے کے لیے تاوان کی ادائیگی ہو یا شمالی علاقہ جات میں آنے والے زلزلے یا پنجاب سندھ میں آنے والے سیلاب شمالی وزیرستان میں ہونے والے آپریشن کے متاثرین ہر جگہ سب سے پہلے سب سے زیادہ امداد کا اعلان کرنے والے کوئی اور نہیں ملک ریاض ہوتے ہیں۔

اس وجہ سے ہی انکو بہت سارے اعزازات سے بھی دنیا نوازتی ہے اور انکے اپنے ملک میں ان پر بے جا تنقید بھی کی جاتی ہے جسے حال ہی میں انکو ایشیا کا بل گیٹس کا خطاب ملا کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ اعزاز انکو انکی بے پناہ دولت کی وجہ سے دیا گیا مگر در حقیقت انکو یہ اعزاز بل گیٹس کی طرح انسانیت کے لیے انکی بے پناہ خدمات پر دیا گیا شاید لوگ یہ بات نہیں جانتے کے پاکستان میں تین ہزار سے زائد لوگ ایسے ہیں جنکی ماہانہ آمدنی ایک کروڑ سے زیادہ ہے اور چار سو سے زیادہ افراد ارب اور کھرب پتی ہیں جن میں سے 110 نمبر پر ملک ریاض کا نام آتا ہے مگر وہ تمام افراد چئیر یٹی کے کاموں سے بہت دور ہیں کوئی ان میں سیاست کا کھلاڑی ہے اور کوئی عیاشی کا۔ملک ریاض چئیر ٹی کے کھلاڑی بنے تو ان پر کچھ انکے مخالفین تنقید کرتے ہیں کہ یہ عوام کا پیسا ہے۔اگر عوام خود انکے پاس جا کر لائنوں میں لگ کر بحریہ ٹاون کے پلاٹس خریدتی ہے تو اس میں ملک ریاض کا کیا قصور ہے؟

ملک ریاض کی کامیابیوں کے پیچھے شاید یا یقیناً ایک بہت پرانا اور آزمودہ نسخہ ہے۔ کہ جو آدمی خدا کے بندوں پر مہربانی کرے خدا اس پر اپنی مہربانی اور خزانے کے دروازے کھول دیتا ہے اور ملک ریاض کو جاننے والے اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے لوگ یا با قائدہ اخبارات اور میڈیا دیکھنے والے لوگ اس بات کی گواہی دیں گے کہ جب بھی پاکستانیو پر کوئی آزمائش کی گھڑی آئی ملک ریاض سب سے پہلے لوگوں کی مدد کو آئے۔ کیونکہ ملک ریاض کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ کسی کو کبھی بھی انکار کر دیتے ہیں مگر خدا کے نام پر پھیلے ہاتھ کو انکار نہیں کرتے اور شاید یہ انکی کامیابی کا سب سے بڑا راز ہے۔